© rasailojaraid.com



# مسافرینِ آخرت

**حضرت مولانا سید فضل الرحمن احرار:**

حضرت امیرِ شریعت رحمہ اللہ کے قدیم رفیق اور مجاہدِ ختم نبوت حضرت مولانا سید فضل الرحمن احرار ۲ مئی کو فیصل آباد میں رحلت فرما گئے۔ آپ گزشتہ پچاس برس سے فکرِ احرار سے وابستہ تھے، عالم باعمل، مجاہد اور نہایت جری انسان تھے۔ سلانوالی ضلع سرگودھا میں مقیم تھے۔ گزشتہ چند ماہ سے فیصل آباد میں بغرض علاج اپنے فرزندِ نسبتی کے ہاں مقیم تھے اور وہیں انتقال فرمایا جامعہ امدادیہ میں ہزاروں افراد نے ان کی نماز جنازہ اداء کی اور پھر انہیں سلانوالی میں "مرکز آلِ محمد" میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ سلانوالی میں بھی ان کی نماز جنازہ اداء کی گئی جس میں ہزاروں افراد شریک ہوئے آپ کے فرزندان مولانا محمد اسد اللہ طارق، سید خالد مسعود گیلانی اور دیگر بھائی دین کی تعلیم و تبلیغ میں مصروف ہیں اور یقیناً ان کی یہ خدمت صدقۂ جاریہ اور مولانا مرحوم کے لئے توشۂ آخرت ہے۔ انشاء اللہ آئندہ کسی اشاعت میں مولانا کی شخصیت و کردار پر تفصیلی مضمون ہدیۂ قارئین کیا جائے گا۔

فی الجملہ وہ دین کے تمام دشمنوں کے لئے تیغ براں تھے تمام عمر غیرت اور جرأت سے جیئے اور غیرت مندوں کی جماعت میں شامل رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے دین کے لئے ان کی محنت کو قبول فرما کر حسن معاملہ فرمائے آمین۔ اراکین ادارہ مولانا مرحوم کے پسماندگان سے تعزیت مسنونہ کرتے ہیں اور ان کے غم میں اپنے آپ کو شریک تصور کرتے ہیں۔

**حضرت سید عبد المالک شاہ صاحب ہمدانی:**

حضرت مولانا سید منظور الحسن ہمدانی شہید کے بھائی اور سید وقار الحسن ہمدانی کے تایا حضرت سید عبد المالک شاہ صاحب ہمدانی ۲۰ مئی کو خیر پور ٹامیوالی میں طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ آپ فالج کے عارضہ میں مبتلیٰ تھے۔ وہ ساداتِ ہمدانی خیر پور کی ممتاز شخصیت تھے۔ اور خاندان کے سرپرست تھے۔ آپ کے پانچ فرزند ہیں اور سب سے بڑے فرزند سید عبد القیوم ہمدانی ہیں۔ وہ ایک راسخ العقیدہ عالم باعمل تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے ان کے فرزندان اور خاندان کے تمام پسماندگان کو صبر عطا فرمائے۔ (آمین)

**محترم محمد داؤد صاحب:**

○ مولانا محمد اکرم رحمہ اللہ (ہلال انجینئرنگ لاہور) کے بڑے بھائی جناب ابو محمد اسلم صاحب مرحوم کے فرزند بھائی محمد داؤد صاحب ۱۳ مئی کو لاہور میں انتقال کر گئے۔ محمد ادریس صاحب، محمد عباس صاحب ان کے چچازاد ہیں۔ بھائی محمد داؤد صاحب ہمارے دیرینہ کرم فرما تھے ان کے والد مرحوم حضرت امیرِ شریعت سے بیعت تھے اور پورا خاندان اسی نسبت سے ہم سے محبت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور سیئات معاف فرمائے۔ لواحقین کو صبر عطاء فرمائے۔ (آمین)

○ مجلسِ احرار اسلام شہباز پور ضلع رحیم یار خان کے معاون حاجی محمد شفیع صاحب چند ماہ قبل رحلت فرما گئے۔ وہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حافظ محمد لطیف کے والد اور حافظ نثار صاحب کے تایا تھے۔

○ مجلس احرار اسلام لاہور کے مخلص کارکن جناب رانا محمد فاروق صاحب کی ہمشیرہ محترمہ گزشتہ ماہ گوجرانوالہ میں رحلت فرما گئیں۔

○ مجلس احرار اسلام لاہور کے سابق کارکن جناب محمد اشرف صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

○ مجلس احرار اسلام فیصل آباد کے معاون جناب صوفی غلام رسول نیازی صاحب کی ہمشیرہ گزشتہ ماہ وفات پا گئیں۔

○ ہمارے دیرینہ مہربان قاری عبدالغفور مدنی صاحب (ضلع مظفر گڑھ) کے والد محترم حاجی الٰہی بخش صاحب بھٹہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

○ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے قدیم معاون جناب غازی محمد حسین صاحب (محلہ مبارک پورہ سیالکوٹ) ۷ اپریل کو رحلت فرما گئے۔ وہ تقسیم ہند سے قبل احرار رضا کار فورس مبارک پورہ کے کپتان تھے۔ ڈھلائی کا کام کرتے تھے اور دن بھر کی مزدوری سے فراغت کے بعد بچوں کو قرآن کریم پڑھاتے اور یہ خدمت محض اللہ کی رضا کے لئے فی سبیل اللہ انجام دیتے۔

○ ملتان سے ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم حکیم حسن نواز خان ۴ مئی کو انتقال فرما گئے۔ وہ بہت ہی مخلص، دوست نواز اور انتہائی ہمدرد انسان تھے۔ حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری اور سید عطاء المؤمن بخاری کے دوست تھے اور یہ رشتۂ محبت مرتے دم تک قائم رکھا۔

○ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کریں اور ایصالِ ثواب کا خاص اہتمام فرمائیں۔

اراکینِ ادارہ اپنے تمام غمزدہ محبین و مخلصین سے تعزیت مسنونہ کرتے ہیں اور دعاء مغفرت کرتے ہیں۔

# دعاء صحت:

ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم حافظ عبدالحلیم صاحب (امام مسجد بیری والی اندرون حرم گیٹ ملتان) کافی عرصہ سے علیل ہیں ان دنوں عارضہ میں شدت آگئی ہے۔ احباب ان کی صحت کے لئے دعاء فرمائیں۔

لاہور سے ہمارے مہربان محترم ملک محمد طاہر صاحب کے برادر نسبتی دل کے عارضہ میں مبتلیٰ ہیں۔ احباب سے ان کی صحت کی بحالی کے لئے دعاء کی درخواست ہے۔

© rasailojaraid.com